## حیسکو پریس ریلیز مورخہ :28.01.2022

# حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر نور احمد سومرو کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن کے علاقوں میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں۔ ہالا اور بھٹ شاہ سب ڈویژنوں وگردونواح میں S&I اور حیسکو کی ٹیموں کی کارروائیوں میں 33 لاکھ 578 روپے کے موجودہ بلوں کی ادائیگی نہ کرنے پر چیکنگ کی گئی، جس میں 31 بجلی کنکشن میں چوری پائی گئی، جس میں 6 ٹیوب ویل، ایک شادی ہال اور 24 گھریلو بجلی کنکشن شامل ہیں، کنکشن فوری طور پر منقطع کردیئے گئے، ملوث بجلی چوروں کے خلاف FIR درج کرانے SDO بھٹ شاہ تھانے میں موجود ہیں۔ حیسکو ترجمان

حیدرآباد( ) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر نور احمد سومرو کی ہدایات پر حیسکو ریجن کے تمام علاقوں میں بڑے پیمانے پر بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلے میں S&I اور حیسکو کی ٹیموں نے آپریشن ڈویژن ٹنڈو آدم کی سب ڈویژنوں ہالا اور بھٹ شاہ میں کارروائیاں کرتے ہوئے 31 بجلی چوروں کے کنکشن منقطع کردیئے، جس میں 06 عدد ٹیوب ویل، ایک شادی ہال اور 24 گھریلو بجلی کنکشن شامل ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر سرویلینس اینڈ انویسٹی گیشن اعجاز احمد شیخ اور سپرنٹینڈنگ انجینئر آپریشن سرکل نوابشاہ رشید احمد انصاری کی سربراہی میں XEN ٹنڈو آدم ڈویژن نزاکت علی، ڈپٹی ڈائریکٹر S&I جاوید احمد صدیقی، AD ولیداد چانڈیو، انسپیکٹر دیدار علی جاموٹ، فراز شاہ اور SDO بھٹ شاہ فرید میمن و SDO ہالا غیاث الدین شیخ کے ہمراہ آپریشن سب ڈویژن بھٹ شاہ کے کچے کے علائقے میں کارروائی کرتے ہوئے بجلی کے واجبات کی عدم ادائیگی چیک کرتے ہوئے 17 بجلی چوری میں ملوث بجلی کنکشن پکڑے، جس میں 03 عدد ٹیوب ویل کے تھری فیز میٹر پکڑے گئے، جس میں ایک میں CT&PT یلو لائٹ کام نہیں کررہی تھے، ایک تھری فیز میٹر واش آوٹ پایا گیا اور ایک ٹیوب ویل کا تھری فیز میٹر اسٹاپ اور ٹیوب ویل ڈائریکٹ PVC لائن سے چلایا جارہا تھا، ایک بجلی کنکشن میرج گارڈ (شادی ہال) کے تھری فیز کا میٹر واش آوٹ پایا گیا، اور اس میں ایک ڈائریکٹ PVC کنکشن بھی پایا گیا ہے، اس کے علاوہ 13 گھریلو صارفین کے کنکشنوں میں بھی ڈائریکٹ PVC کے ذریعے ڈبل لائن لگا کر چوری کی جارہی تھی، کنکشن منقطع کرکرے جرمانے عائد کیئے گئے جس میں 10 لاکھ 20 ہزار موقع پر ہی جمع کروائے گئے، آخری اطلاع تک SDO بھٹ شاہ بجلی چوروں کے خلاف متعلقہ تھانے میں موجود ہیں اور FIR درج کروائی جارہی ہے۔ مزید برآں آپریشن سب ڈویژن ہالا میں کارروائیاں کرتے ہوئے S&I کی ٹیم نے 14 بجلی کنکشنوں میں چوری پکڑی، جس میں سے 03 تھری فیز ٹیوب ویل کنکشن تھے جو میٹر اسٹاپ کرکے ڈائریکٹ ٹیوب ویل کی موٹریں چلارہے تھے موٹریں اور تاریں تحویل میں لے لی گئی ہیں اور بجلی چوروں کو 5 لاکھ 33 ہزار کے جرمانے کے بل بنا کے دیئے گئے ہیں، اور ان کے خلاف FIR بھی درج کرانے کیلئے لیٹر متعلقہ تھانے میں جمع کروادیا گیا ہے، اس کے علاوہ 11 رہائشی بجلی کنکشن میں ڈبل سپلائی کے ذریعے بجلی چلائی جارہی تھے، کنکشن منقطع کردیئے گئے ہیں، واضح رہے کہ یہ کارروائیاں مجموعی طور پر 33 لاکھ 578 روپے کے بجلی کے بلوں کی عدم ادائیگی پر کی گئی ہیں، حیسکو چیف کی ہدایات ہیں کہ بجلی چوری کا خاتمہ بہت اہم ہے، جس سے صارفین کو بجلی کی بہتر فراہمی اور حیسکو کو ریونیو ملے گا جس سے حیسکو کا نظام بہتر طریقے سے چل سکے گا، کیونکہ حیسکو ایک کمرشل ادارہ ہے۔ حیسکو چیف نے تمام صارفین سے اپیل کی ہے کہ اپنے ذمے تمام حیسکو کے واجب الادا رقوم مقررہ وقت کے اندر جمع کروادیں تاکہ آپ کے گھر کی بجلی چلتی رہے۔ آپ کے تعاون کا متمنی حیسکو




حیدرآباد: حیسکو چیف نور احمد سومرو کی ہدایات پر S&I اور حیسکو ٹیموں کی بجلی چوروں اور ناہندگان کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں